**19.07.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ......................... آسیہ میمونہ

**Music**

☆ مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ بھارت وکست بھارت کا مقصد حاصل کرنے کیلئے، تیزی کے ساتھ اپنی تکنیکی بنیاد بنا رہا ہے۔ انہوں نے نوجوان پیشہ ور افراد پر زور دیا کہ وہ عالمی درجے کی ٹیکنالوجیاں اور مصنوعات تیار کریں۔

☆ انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ نے، آن لائن **Betting App** معاملات کے سلسلے میں **Google** اور **Meta** کو نوٹس جاری کئے ہیں۔

☆ اسرائیل اور شام ، دمشق پر اسرائیلی حملوں کے بعد، جنگ بندی پر متفق ہوگئے ہیں۔

☆ **IMD** نے آج کیرالہ اور مغربی راجستھان کے کسی کسی مقام پر انتہائی شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

☆ بھارت ایسا پہلا ملک بن گیا ہے، جس کے چار کھلاڑی خواتین کے شطرنج کے عالمی کپ کے کوارٹر فائنلز میں پہنچ گئے ہیں۔

☆ اور خواتین کرکٹ میں، بھارت اور انگلینڈ کے درمیان دوسرا ایک روزہ بین الاقوامی میچ آج تیسرے پہر لارڈس کے میدان پر کھیلا جائے گا۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**TELANGANA-MIB-IIT**

اطلاعات ونشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ وکست بھارت کے حصول کیلئے تکنیکی بنیاد تیزی سے تیار کی جارہی ہے۔ آج صبح **IIT** حیدرآباد میں جلسہ تقسیم اسناد کی ایک تقریب کے دوران بھارت کے تکنیکی قیادت والے مستقبل کو اُجاگر کرتے ہوئے انہوں نے طلبا پر زور دیا کہ وہ عالمی درجے کی ٹیکنالوجیوں اور مصنوعات کو ڈیزائن کریں۔ جناب ویشنو نے اعلان کیا کہ اس سال ملک کی پہلی سیمی کنڈکٹر چپ کا آغاز ہو جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ تیاری کے مرحلے کے تحت **6** سیمی کنڈکٹر پلانٹس کے ساتھ بھارت، دنیا کے اہم ترین سیمی کنڈکٹر ممالک میں سے ایک بننے جا رہا ہے۔

ریلوے اصلاحات کا ذکر کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ 2027 میں ملک کی پہلی بلٹ ٹرین چلے گی اور اس کے ساتھ ساتھ وَندے بھارت کا ورژن تین بھی چنئی میں تیار کیا جارہا ہے۔ وزیر موصوف نے مفت ڈیٹا سیٹس اور مصنوعی ذہانت کے تربیتی پروگراموں کے ساتھ ساتھ بھارت کے AI مشن پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ جناب ویشنو نے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ بھارت 2047 تک دو بڑی معیشتوں میں اپنا مقام حاصل کرلے گا۔×

## KERALA-IIT PRADHAN

تعلیم کے مرکزی وزیر دھرمیندر پردھان نے آج کہا ہے کہ بھارت 2047 تک ایک ترقی یافتہ ملک بن جائے گا اور اس مقصد کو حاصل کرنے میں ہر شہری کا رول ہے۔ جناب پردھان کیرالہ میں IIT پلکّو کے ساتویں جلسہ تقسیم اسناد کی تقریب میں اظہار خیال کررہے تھے۔ وزیر موصوف نے ٹرانسپورٹ، ہاؤسنگ، طبی سہولیات اور زراعت سمیت مختلف شعبوں میں عالمی درجے کے بنیادی ڈھانچے کی تعمیر میں کلیدی کردار ادا کرنے کیلئے طلباء پر زور دیا۔ عالمی ڈیجیٹل اسپیس میں بڑھتے ہوئے بھارت کے رول کو اجاگر کرتے ہوئے جناب پردھان نے کہا کہ ملک بھر میں سب کی شمولیت اور اخلاقی ڈیجیٹل عوامی بنیادی ڈھانچہ وزیراعظم نریندر مودی کا دور اندیشی پر مبنی نظریہ ہے۔

انہوں نے تکنیکی خود کفالت اور زراعت میں جدید ٹیکنالوجی کی اہمیت کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ اس تقریب کے دوران کُل 328 طلباء نے وزیر موصوف سے اپنے سرٹیفکٹس حاصل کئے۔ جناب پردھان نے کہا کہ IIT پلکّو صحیح راہ پر گامزن ہے اور وکست بھارت کے نظریئے میں تعاون دینے کے تئیں عہد بستہ ہے۔×

## ED-BETTING APP

انفورسمینٹ ڈائریکٹوریٹ ED نے ٹیک کمپنیوں، گوگل اور Meta کو آن لائن بیٹنگ ایپ معاملوں کے سلسلے میں نوٹس جاری کئے ہیں۔ ذرائع نے بتایا ہے کہ ED نے پیر کے روز دلّی کے اپنے ہیڈکوارٹر میں دونوں کمپنیوں کے نمائندوں کو پیش ہونے کو کہا ہے۔ مذکورہ ایجنسی اِن آن لائن بیٹنگ APPs کے فروغ میں ڈیجیٹل پلیٹ فارم کے رول کی جانچ کررہی ہے۔

## CHINA-TRF

چین نے پہلگام دہشت گرد حملے کی مذمت کی ہے اور علاقائی ملکوں پر زور دیا ہے کہ وہ علاقائی سلامتی کو تحفظ فراہم کرنے کیلئے انسدادِ دہشت گردی سے متعلق تعاون میں اضافہ کریں۔ امریکہ کی جانب سے پاکستان میں قائم لشکرِ طیبہ- LeT سے وابستہ تنظیم The Resistance Front کو پہلگام دہشت گرد حملے میں ملوث ہونے کیلئے ایک غیرملکی دہشت گرد تنظیم نامزد کرنے سے متعلق ایک ردّعمل میں، چین کی وزارتِ خارجہ کے ترجمان Lin Jian نے کہا کہ اُن کا ملک ہر طرح کی

دہشت گردی کی مخالفت کرتا ہے۔ پہلگام حملے میں 26 افراد ہلاک ہوئے تھے۔ TRF نے اس حملے کی ذمہ داری قبول کی تھی لیکن بعد میں وہ اُس سے منحرف ہوگیا کیونکہ بھارت اور پاکستان کے درمیان کشیدگی بڑھ گئی تھی۔

اقوامِ متحدہ کی سلامتی کونسل کی 1267 پابندیوں کے دستاویز کے تحت، پاکستان کے بہت سے دہشت گرد گروپ اور افراد فہرست میں شامل ہیں۔ یہ دستاویز اثاثوں کو ضبط کرنے، سفر پر پابندی عائد کرنے اور ہتھیاروں پر پابندی عائد کرتی ہے۔ اِن میں LeT ، جیشِ محمد اور جماعت الدعوۃ کے ساتھ ساتھ دہشت گرد حافظ سعید اور مسعود اظہر جیسے افراد شامل ہیں۔x

## PM-MANGAL PANDEY

وزیراعظم نریندمودی نے مجاہد آزادی منگل پانڈے کو آج اُن کی جینتی پر خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے منگل پانڈے کو ایک ایسے جنگجو کے طور پر سراہا، جنہوں نے برطانوی حکومت کو چیلنج کیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ منگل پانڈے کی ہمت اور دلیری کی داستان ملک کے لوگوں کیلئے ہمیشہ تحریک کا ذریعہ بنی رہے گی۔

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے بھی سوشل میڈیا پوسٹ پر منگل پانڈے کو خراج عقیدت پیش کیا۔ انہیں حب الوطنی کی علامت اور بغاوت کی آگ کو روشن کرنے والا قرار دیا۔x

## SIKKIM-KAILASH MANSAROVAR YATRA

سکم میں کیلاش مانسروور یاترا کا پوتر سفر ناتھولا دَرّے سے خوش اسلوبی کے ساتھ جاری ہے۔ آج چھٹے جتھے نے ناتھولا سے تبت کے خود مختار خطے کی سمت اپنے سفر کا آغاز کیا۔ اب تک چار جتھے اپنی یاترا کو کامیابی کے ساتھ پورا کرچکے ہیں، جبکہ پانچواں جتھا یاترا مکمل کرنے کے بعد گینگٹوک کے اپنے راستے پر ہے۔x

## DEPARTMENT OF POST

ڈاک کے محکمے نے اگلی نسل کی APT ایپلی کیشن کے اجراء کا اعلان کیا ہے، جو ڈیجیٹل مہارت اور ملک کی تعمیر کی سمت ایک بڑا قدم ہے۔ یہ APT ایپلی کیشن صارفین کو بہتر سہولت فراہم کرنے، تیز تر خدمات فراہم کرنے اور زیادہ صارف دوست انٹرفیس فراہم کرنے کیلئے تیار کی گئی ہے۔ مواصلات کی وزارت نے اعلان کیا ہے کہ ایک جدید پلیٹ فارم پر بلا روک ٹوک اور محفوظ لین دین کرنے کیلئے، دلّی میں بہت سے ڈاکخانوں میں پیر کیلئے ایک منصوبہ بند ڈاؤن ٹائم تیار کیا گیا ہے۔x

## G-20 FM MEETING

گروپ آف ٹوئنٹی، G20 وزراء خزانہ اور سینٹرل بینک گورنروں کی دو روزہ میٹنگ جنوبی افریقہ میں ایک مشترکہ

اعلامیے کے ساتھ اختتام پذیر ہوگئی، جس میں عالمی تعاون کو مستحکم کرنے پر توجہ مرکوز کی گئی ہے۔ Durban میں منعقدہ بات چیت میں تنازعات، تجارتی کشیدگیوں، سپلائی چین میں روکاوٹوں، قرض اور آب و ہوا سے متعلق مسائل سمیت اہم عالمی چیلنجوں پر توجہ مرکوز کی گئی۔ جنوبی افریقہ کی نیشنل Treasury نے ایک بیان میں کہا کہ عالمی تجارتی تنظیم کو، آج کے حقائق سے زیادہ ہم آہنگ اور جوابدہ ہونے کیلئے، اختراعی رسائی کے ذریعے، اپنی تمام کارروائیوں کو بہتر بنانے کی غرض سے کچھ جامع اصلاحات کی ضرورت ہے۔ x

## SYRIA-ISRAEL CEASEFIRE

ترکیہ میں، امریکہ کے سفیر Tom Barrack نے آج کہا ہے کہ شام پر اسرائیل کے ہوائی حملوں کے بعد، جس میں اسرائیل نے یہ دعویٰ کیا تھا کہ اس نے ایک عرب اقلیتی مذہبی برادری Druze کو بچانے کیلئے ایسا کیا تھا، اب اسرائیل اور شام جنگ بندی پر رضامند ہوگئے ہیں۔ شام پر طویل مدّت تک حکمرانی کرنے والے حکمراں بشار الاسد کی حکومت کے گرنے کے بعد سے، حکومت حامی فورسز اور Druze کے درمیان جاری تصادم میں، بہت سے افراد ہلاک ہوئے ہیں۔ اسی دوران ترکیہ کے صدر Recep Tayyip Erdogan نے اپنے روسی ہم منصب ولادیمیر پتن سے کل فون پر بات چیت کی، جس میں انہوں نے اِس تشویش کا اظہار کیا کہ شام میں جاری تصادم پورے خطے کے استحکام کے لیے ایک خطرہ ہے۔

جنگ بندی کا یہ اعلان ایسے وقت میں کیا گیا ہے، جب شام کے جنوبی صوبے Sweida میں Druze گروپوں اور قبائلی بدوؤں کے درمیان تازہ تصادم ابھی جاری ہے، جس میں تین سو سے زیادہ افراد کی جانیں تلف ہوئی ہیں اور خطّے میں سینکڑوں افراد بے گھر ہو گئے ہیں، جس کے سبب وہاں ایک انسانی بحران کی صورتحال پیدا ہو گئی ہے۔x

## UP-ACCIDENT

آج صبح سویرے یمنا ایکسپریس وے پر ہوئے دو علیحدہ حادثوں میں کم از کم 6 افراد اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھے اور دیگر 19 زخمی ہوگئے۔ متھرا کے سینئر پولیس سپرنٹنڈنٹ Shlok Kumar نے بتایا کہ پہلا حادثہ صبح تقریباً 3 بجے پیش آیا، جس میں ایک Mini-Van، ایک ٹرک سے ٹکرا گئی، جس میں 6 افراد ہلاک جبکہ 2 شدید طور پر زخمی ہوگئے۔ صرف ایک گھنٹے بعد، دلّی سے مدھیہ پردیش جارہی ایک پرائیویٹ بس پلٹ گئی، جس میں 17 مسافر زخمی ہوگئے۔ 8 زخمی افراد کو متھرا ضلع اسپتال میں داخل کیا گیا، جبکہ دیگر 9 کو آگرا کے SN میڈیکل کالج لے جایا گیا۔ اُن سب کی حالت مستحکم بتائی جاتی ہے۔x

## UP-YOUTH SPIRITUAL SUMMIT

نوجوانوں کے امور اور کھیل کود کے مرکزی وزیر منسکھ مانڈویا نے، 2047 تک ایک ترقی یافتہ ملک بننے کے بھارت

کے مقصد کو حاصل کرنے میں منشیات سے پاک نوجوان کی اہمیت پر زور دیا ہے۔ وارانسی میں ''نوجوانوں کی روحانی چوٹی کانفرنس'' کے افتتاحی اجلاس میں خطاب کرتے ہوئے، جناب مانڈویا نے شہریوں پر زور دیا کہ وہ ملک کی تعمیر کرنے کو ترجیح دیں اور منشیات سے پاک بھارت مہم میں شامل ہوں۔ انہوں نے ہر شہری پر زور دیا کہ وہ کم از کم پانچ نوجوانوں کو اِس پہل میں شامل کرنے کا عہد کریں۔ x

**PM-YUVA SPIRITUAL SUMMIT**

نوجوانوں کے امور اور کھیل کود کے مرکزی وزیر منسکھ مانڈویا نے، 2047 تک ایک ترقی یافتہ ملک بننے کے بھارت
کے مقصد کو حاصل کرنے میں منشیات سے پاک نوجوان کی اہمیت پر زور دیا ہے۔ وارانسی میں ''نوجوانوں کی روحانی چوٹی کانفرنس'' کے افتتاحی اجلاس میں خطاب کرتے ہوئے، جناب مانڈویا نے شہریوں پر زور دیا کہ وہ ملک کی تعمیر کرنے کو ترجیح دیں اور منشیات سے پاک بھارت مہم میں شامل ہوں۔ انہوں نے ہر شہری پر زور دیا کہ وہ کم از کم پانچ نوجوانوں کو اِس پہل میں شامل کرنے کا عہد کریں۔ x

**J&K-CIK RAIDS**

جموں و کشمیر پولیس کے تحت، کاؤنٹر انٹلی جنس کشمیر، اس وقت کشمیر خطے کے چار ضلعوں میں 10 مقامات پر تلاشی کی کارروائی کررہی ہے۔ CIK کے حکام نے بتایا کہ تلاشی کی یہ کارروائیاں، سرحد پار سے جیشِ محمد دہشت گرد تنظیم کے کمانڈر عبداللہ غازی کے ذریعے چلائے جانے والے دہشت گردوں کے Sleeper Cells اور بھرتی کے ماڈیول کے دہشت گردانہ جرائم کے ایک تحقیقاتی معاملے کے سلسلے میں کی جارہی ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ تلاشی کی یہ کارروائیاں جنوبی کشمیر کے پلوامہ ضلعے میں ایک مقام پر، وسطی کشمیر کے گاندربل ضلعے میں چھ مقامات پر، سری نگر میں ایک اور بڈگام ضلعے میں دو مقامات پر کی جارہی ہیں۔

**IMD-WEATHER**

بھارتی محکمۂ موسمیات IMD نے، آج کیرالہ، ماہے اور مغربی راجستھان میں کسی کسی مقام پر انتہائی شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD نے کہا ہے کہ کونکن، گوا اور کرناٹک کے مختلف حصوں میں اگلے تین دنوں میں شدید سے بہت زیادہ شدید بارش ہونے کا بھی امکان ہے۔ اسی طرح کی صورتحال اتراکھنڈ، ہماچل پردیش اور مغربی اترپردیش میں بھی ہوسکتی ہے۔ آکاشوانی نیوز کے ساتھ خصوصی طور پر بات چیت کرتے ہوئے، IMD کے سینئر سائنسداں ڈاکٹر آر کے جینامنی نے کہا کہ شمال مغربی راجستھان میں آج کیلئے انتہائی شدید بارش ہونے کا ریڈ الرٹ جاری کیا گیا ہے۔

## CHESS WORLD CUP

شطرنج کے FIDE عالمی خواتین کپ میں، بھارت کی گرانڈ ماسٹر Koneru Humpy ، ڈی-ہریکا اور آر ویشالی نیز انٹرنیشنل ماسٹر دِویا دیشمکھ، ٹورنامنٹ کے کوارٹر فائنلز میں پہنچ گئی ہیں۔ اس ٹورنامنٹ میں، چار کھلاڑیوں کے ساتھ آخری آٹھ کے مرحلے میں پہنچنے والا پہلا ملک بن کر، بھارت نے تاریخ رقم کی ہے۔ یہ تمام چار خواتین کھلاڑی، جارجیا کے Batumi میں گذشتہ روز اپنے Tiebreak میچ جیت کر آخری آٹھویں مرحلے میں پہنچی ہیں۔x

## WOMEN-CRICKET

کرکٹ میں، لندن کے Lords کرکٹ گراؤنڈ میں، تین ایک روزہ میچوں کی سیریز کے دوسرے میچ میں بھارتی خواتین کرکٹ ٹیم کا مقابلہ میزبان انگلینڈ سے ہوگا۔ یہ میچ آج سہ پہر ساڑھے تین بجے شروع ہوگا۔ بھارتی ٹیم کو فی الحال تین میچوں کی سیریز میں ایک صفر کی سبقت حاصل ہے۔

بھارتی ٹیم نے Southampton میں کھیلے گئے پہلے ODI میں میزبان انگلینڈ کو 4 وکٹ سے ہرایا تھا۔ تیسرا اور آخری ODI اس مہینے کی 22 تاریخ کو Chester-Le- Street میں کھیلا جائے گا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆